ADAMJEE LIFE ASSURANCE COMPANY LIMITED - WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

آدمجی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ونڈو تکافل آپریشنز

Participant's Membership Document

Regular Contribution Plan

شریک تکافل کی ممبرشپ دستاویزات

ریگولر زرشمولیت کی ادائیگی کا پلان

adamjeefamily takaful

The membership offers a free-look period of 14 days after the receipt of membership document during which you can cancel your membership by contacting AL - WTO, and have your contribution refunded. However, AL - WTO reserves the right to deduct the expenses incurred on medical examination(s) of the participants in connection with the issuance of this membership (if any).

یہ ممبرشپ آپ کو دستاویزات موصول ہونے کے بعد سے 14 دن کا مفت ملاحظہ مدت کی پیش کش کرتی ہے جس کے دوران آپ AL - WTO سے رابطہ کرکے اپنی ممبرشپ منسوخ کرواسکتے ہیں اور اپنی زرشمولیت واپس لے سکتے ہیں۔تاہم، AL - WTO اس ممبرشپ کے اجراء کے سلسلے میں شریک تکافل کے طبی معائنے پر ہونے والے اخراجات کی کٹوتی (اگر کوئی ہے) کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

(A) DEFINITIONS

Unless the contrary appears from the context, the following words and phrases shall have the meanings assigned to them where they appear in these Membership Provisions. Any use of words in the singular, plural, masculine, feminine or capitalization are taken as interchangeable and therefore as referring to the same except where this is inconsistent with the subject matter.

a) **PARTICIPANT or YOU or YOUR:** The person applying for the Family Takaful coverage on the life of the covered Person. An insurable interest has to exist between the Participant and the covered Person. In addition, if You are not the Main Person Covered, You need to have been given permission by the Main Person Covered to take out Membership on the life of the Main Person Covered, Spouse or Children of the Main Person Covered.

b) **CONTRIBUTION PAYER.** The person who has agreed to pay the periodic Contribution to the Operator in respect of this Membership. If You are not the Contribution Payer and the Contribution Payer stops paying the Contributions, then you must pay the Contributions for cover to continue.

c) **PERSON COVERED.** The person on whose life the cover under this Membership is effected. This Membership may provide cover only in respect of a Main Person Covered or a Spouse or Child of the Main Person Covered where applied for by You in terms of this Membership. No Spouse or Child will be covered unless applied by You and listed in the Membership Schedule. Persons who are not mentioned in the Membership Schedule will not be covered in terms of this Membership.

d) **MAIN PERSON COVERED.** The person who has been accepted as the Main Person Covered in terms of this Membership.

e) **SPOUSE.** The person to whom the Main Person Covered is married. If a Main Person Covered is joined in marriage with two or more persons then only the Spouse whom You have applied for and mentioned in the Membership Schedule as a Spouse will be covered, subject to the terms and conditions of this Membership. Once a nomination has been made, it remains in force for as long as the Main Person Covered is married to his or her Spouse or until you notify the Operator in writing of any changes. Marriage means a marriage in terms of Pakistani law.

f) **CHILD or CHILDREN.** A Child of the Main Person Covered who is nominated as a Child in the Membership Schedule by You, subject to the terms and conditions of this Membership.

g) **BENEFICIARY or NOMINATED BENEFICIARY.** The person who has been nominated by You to receive the benefit on death of the Person Covered as per Section 72 of Insurance Ordinance, 2000, provided You are the Main Person Covered.

(1) **ACCIDENT.** An uncertain future event which is caused solely and directly by violent, accidental, external, physical and visible means independently of any other cause.

(2) **ACCIDENTAL DEATH.** Death resulting directly or indirectly from an Accident.

(3) **ACT OF TERRORISM.** An act including but not limited to the use of force or violence and/or the threat thereof, of any person or group(s) of persons, whether acting alone or on behalf of or in connection with any organisation(s) or government(s), committed for political, religious, ideological, or ethnic purposes or reasons including the intention to influence any government and/or to put the public, or any section of the public, in fear.

(4) **AD-HOC CONTRIBUTION/TOP UP.** Additional Contributions paid by the Participant in his Participant Investment Account (PIA) other than the regular Basic Contributions due.

(A) تعریفیں

جب تک کہ سیاق وسباق سے اس کے برعکس ظاہر نہ ہو، مندرجہ ذیل الفاظ اور جملوں کے معنی وہ ہی تفویض ہوں گے جو کہ ممبرشپ دفعات میں بیان کئے گئے ہیں۔ واحد، جمع، مذکر، مونث یا کیپٹلائزیشن میں کسی بھی الفاظ کے استعمال کو قابل تبدیل خیال کیا جائے گا اور اسی وجہ سے وہی حوالہ دیا جاتا ہے ماسوائے جہاں یہ موضوع سے مطابقت نہیں رکھتا۔

a) **شریک تکافل، آپ یا آپ کا:** وہ شخص جو تکافل شدہ کی زندگی پر فیملی تکافل کے لیے درخواست دے۔شریک تکافل اور تکافل شدہ کے مابین تکافل سے متعلق تکافل مفاد ہونا ضروری ہے۔مزید یہ کہ، اگر آپ بنیادی تکافل شدہ نہیں ہیں تو آپ کو بنیادی تکافل شدہ کی جانب سے بنیادی تکافل شدہ، شریک حیات یا بنیادی تکافل شدہ کے بچوں کی زندگی پر ممبرشپ لینے کے لیے اجازت کی ضرورت ہوگی۔

b) **زرشمولیت کی ادائیگی کرنے والا:** وہ شخص جو اس ممبرشپ کے سلسلے میں آپریٹر کو وقتاً فوقتاً زرشمولیت ادا کرنے پر راضی ہوتا ہے۔ اگر آپ زرشمولیت ادا کرنے والے نہیں ہیں اور زرشمولیت ادا کرنے والا زرشمولیت کی ادائیگی بند کردے تو آپ کو تکافل جاری رکھنے کے لیے زرشمولیت کی ادائیگی ضروری ہے۔

c) **تکافل شدہ:** وہ شخص جس کی زندگی پر اس ممبرشپ کے تحت تکافل کیا گیا ہو۔ یہ ممبرشپ صرف بنیادی شریک تکافل یا شریک حیات یا شریک تکافل کے بچے کے سلسلے میں فراہم کی جاتی ہے جہاں آپ نے اس ممبرشپ کے لیے درخواست دی ہو۔کوئی شریک حیات یا بچہ اس وقت تک تکافل شدہ نہیں ہوگا جب تک کہ آپ کی جانب سے اس کی درخواست نہیں دی جاتی اور ممبرشپ شیڈول میں نام درج نہیں ہوتا۔وہ افراد جن کا ذکر ممبرشپ شیڈول میں نہیں کیا گیا ہے وہ ممبرشپ کی شرائط کے تحت تکافل میں شامل نہیں کئے جائیں گے۔

d) **بنیادی شریک تکافل:** وہ شخص جو اس ممبرشپ کی شرائط وضوابط کے تحت بطور بنیادی شریک تکافل قبول کیا گیا ہو۔

e) **شریک حیات:** وہ شخص جس سے بنیادی شریک تکافل رشتہ ازدواج میں منسلک ہو۔اگر بنیادی شریک تکافل دو یا اس سے زائد شادیاں کرتا ہے تو ممبرشپ کی شرائط وضوابط سے مشروط، صرف اس زوجہ کو شریک تکافل کیا جائے گا جس کے لیے آپ نے درخواست دی ہو اور ممبرشپ شیڈول میں بطور شریک حیات ذکر کیا گیا ہو۔ایک بار نامزدگی ہوجانے کے بعد، اس وقت تک اس کا اطلاق برقرار رہتا ہے جب تک کہ بنیادی شریک تکافل اپنی یا اپنے شریک حیات سے رشتہ ازدواج میں منسلک رہتا ہے یا جب تک آپ آپریٹر کو کسی تبدیلی کے بارے میں تحریری طور پر مطلع نہیں کرتے۔شادی سے مراد پاکستانی قانون کے مطابق رشتہ ازدواج میں بندھنا۔

f) **بچہ یا بچے:** بنیادی شریک تکافل کا بچہ جسے ممبرشپ کی شرائط وضوابط سے مشروط، آپ کی جانب سے ممبرشپ شیڈول میں بطور بچہ نامزد کیا گیا ہو۔

g) **بینیفشری یا نامزد فرد:** انشورنس آرڈیننس، 2000، کے سیکشن 72 کے تحت تکافل شدہ کی موت کی صورت میں فائدہ حاصل کرنے کے لیے آپ کی جانب سے نامزد کیا جانے والا شخص، بشرطیکہ آپ بنیادی شریک تکافل ہوں۔

1) **حادثہ:** مستقبل میں پیش آنے والا ناگہانی واقعہ جو کہ کسی اور وجہ سے آزادانہ طور پر اور پرتشدد، حادثاتی، بیرونی، جسمانی اور ظاہری ذرائع سے بالواسطہ پیش آسکتا ہے۔

2) **حادثاتی موت:** کسی حادثے کی صورت میں بالواسطہ یا بلاواسطہ موت کا شکار ہوجانا۔

3) **دہشت گردی کا عمل:** ایسا عمل جس میں کسی بھی فرد یا افراد کے گروپ (س) کا طاقت یا تشدد اور/ یا دھمکی کا استعمال کرنا لیکن اس تک محدود نہ رہنا، خواہ وہ اکیلا یا کسی کہنے پر یا کسی آرگنائزیشن (ز) یا حکومت (حکومتوں)، سیاسی، مذہبی، نظریاتی یا نسلی مقاصد یا وجوہات کی بنا پر وابستہ ہوں، جس میں کسی بھی حکومت کو متاثر کرنے کے ارادے اور/ یا عوام کے کوئی بھی طبقے کو خوف میں مبتلا کرنے کا ارادہ ہو۔

4) **ایڈہاک زرشمولیت/ ٹاپ اپ:** ریگولر بنیادی زرشمولیت کے علاوہ شریک تکافل کی جانب سے پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA) میں اضافی زرشمولیت کی ادائیگی۔

(5) **ACTUARY.** The Operator's Actuary for the time being.

(6) **ANNUITY.** A series of payments made at fixed intervals of time.

(7) **ANNUITY MONTH.** A month commencing on the Maturity Date and thereafter commencing on the corresponding date, or if there is no corresponding date, the last date of each succeeding month.

(8) **ANNUITY YEAR.** A year commencing on the Maturity Date and thereafter commencing on the corresponding date of each succeeding year.

(9) **BASIC MEMBERSHIP.** Your Membership excluding any Supplementary Contracts.

(10) **BASIC CONTRIBUTION.** The Contribution that is paid towards the Basic Membership.

(11) **BENEFIT.** The amount of benefit payable as stated in the Participant Membership Documents (PMD).

(12) **BID PRICE.** The price on a given day, at which the Fund takes back units from Participants. The price is used for transactions where Participants cash in all or part of their investment. It is also used when a switch is made out of one Fund into another.

(13) **BID OFFER SPREAD.** The difference between the prices quoted for an immediate sale (offer) and an immediate purchase (bid) of a Unit.

(14) **BONUS ALLOCATION.** The percentage of initial Basic Contribution that is allocated to the PIA at given intervals, providing the Membership continues to remain inforce as commenced.

(15) **BUSINESS DAY.** Any day other than a holiday on which banks generally are open for business at the respective place of issuance. For the purposes of these Membership Provisions any notice, instruction, request, Contribution or Ad-hoc Contribution received by the Operator at an appointed place determined on any Business Day after 2 pm will be treated by the Operator as being received on the following Business Day.

(16) **CASH VALUE.** The aggregate value, at Bid Price, of Units in the Participant Investment Account (PIA) of the Membership, on the relevant day to which it applies determined by multiplying the number of Units in the PIA by the applicable Bid Price.

(17) **CASH SURRENDER VALUE.** The Cash Value on the date of Surrender less a Surrender Charge as stated in the Charges Endorsement.

(18) **CHARGES ENDORSEMENT.** A written addendum to Your Membership that becomes part of the PMD, notifying the level of rates and charges applicable from time to time.

(19) **CONTRIBUTION DUE DATE.** The date as stated in the Membership Schedule.

(20) **COVER CHARGE.** The amount deducted from the PIA value by the Operator on the Monthly Anniversary in each calendar month as consideration for providing the Benefit Covered under the Membership.

(21) **DEFERMENT PERIOD.** The period of time after the Person Covered has become disabled, in accordance with the conditions of the Membership, before he/she starts to receive benefits.

(22) **FREE LOOK PERIOD.** The time during which the Participant may return the Membership documents and get refund of contribution, subject to Clause B4, if he is not completely satisfied with these terms and conditions (as per Rule 62 of Insurance Rules 2017)

(23) **FUND.** A Unit Linked Fund that is one of a number of unique such Funds constituting the Unitised Investment Linked Statutory Business Fund maintained by the Operator, and being a pool of assets and liabilities divided into units of equal value with an appropriate number of units attributed to each unit linked Membership participating in the Fund. The Fund is valued regularly and divided by the total number of units in issue in order to arrive at the unit price at each valuation and pricing point. This enables each Member to share in the investment performance of the Fund in proportion to the number of units that have been attributed to the Membership. The units are units of measurement only, and the beneficiaries under the Membership shall have no beneficial interest whatsoever in the assets of the Fund. The composition of the Fund and proportion in which the constituent investments are maintained may be varied by the Operator from time to time, and new Funds may be introduced.

(5 **ایکچوری:** نافذ الوقت کے لئے آپریٹر کا ایکچوری۔

(6 **اینیوٹی:** مقررہ وقفوں پر ادائیگیوں کا ایک سلسلہ۔

(7 **اینیوٹی ماہ:** میچورٹی کی تاریخ پر شروع ہونے والے مہینے اور اس کے بعد اسی تاریخ کو جاری رکھنا یا اگر اس سے مماثل کوئی تاریخ نہیں ہے تو ہر آنے والے مہینے کی آخری تاریخ۔

(8 **اینیوٹی سال:** میچورٹی کی تاریخ پر شروع ہونے والا سال اور اس کے بعد ہر آنے والے سال کی اسی تاریخ سے شروع کرنا۔

(9 **بنیادی ممبر شپ:** کسی بھی ضمنی معاہدے کے بغیر آپ کی ممبر شپ۔

(10 **بنیادی زرشمولیت:** بنیادی ممبر شپ کے لیے ادا کئے جانے والا زرشمولیت۔

(11 **فائدہ:** پارٹیسپنٹ ممبر شپ ڈاکیومنٹ (PMD) میں بیان کردہ قابل ادائیگی فائدے کی رقم۔

(12 **بڈ پرائس:** مقررہ دن کی قیمت، جس پر فنڈ شریک تکافل سے یونٹس واپس لے لیتا ہے۔ یہ قیمت ٹرانزیکشنز کے لیے استعمال کی جاتی ہے جہاں شریک تکافل اپنی سرمایہ کاری کے پورے یا حصوں میں رقم واپس لیتے ہیں۔ یہ ایک فنڈ سے دوسرے فنڈ میں منتقلی کے لیے بھی استعمال کی جاتی ہے۔

(13 **بڈ آفر فرق:** یونٹ کی فوری فروخت (آفر) اور فوری خریداری (بولی) کے حوالے سے قیمتوں کے درمیان فرق۔

(14 **بونس کی تخصیص:** ابتدائی بنیادی زرشمولیت کا فیصد جو PIA میں مقرر کردہ وقفوں میں مختص کیا جاتا ہے، بشرطیکہ ممبر شپ کا آغاز ہوتے ہی ان پر عمل درآمد جاری رہتا ہے۔

(15 **کاروباری دن:** تعطیلات کے علاوہ کوئی بھی دن جس پر بینک عام طور پر متعلقہ جگہ پر کاروبار کے لیے کھلے رہتے ہیں۔ اس ممبر شپ کی دفعات کے مقاصد کے لیے، کسی بھی کاروباری دن کے دوپہر 2 بجے کے بعد مقررہ مقام پر آپریٹر کی جانب سے کوئی نوٹس، ہدایت، درخواست، زرشمولیت یا ایڈہاک زرشمولیت موصول کئے جاتے ہیں تو آپریٹر اگلے کاروباری دن پر موصول ہونے کے طور پر کارروائی کرے گا۔

(16 **کیش ویلیو:** ممبر شپ کے پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA) میں یونٹس کی بولی کی قیمت کی مجموعی قدر، جس کا تعین متعلقہ دن پر PIA میں یونٹس کی تعداد کو قابل اطلاق بولی کی قیمت سے ضرب کرنے کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

(17 **کیش سرینڈر ویلیو:** سرینڈر کی تاریخ پر کیش ویلیو سرینڈر چارج منہا کرنے کے بعد جیسا کہ چارجز کی توثیق میں بیان کیا گیا ہے۔

(18 **چارجز کی توثیق:** آپ کی ممبر شپ میں تحریری ضمیمہ جو PMD کا حصہ ہوتا ہے، جو وقتاً فوقتاً قابل اطلاق ریٹس اور چارجز کے بارے میں مطلع کرتا ہے۔

(19 **زرشمولیت کی واجب الادا تاریخ:** ممبر شپ شیڈول میں بیان کی گئی تاریخ۔

(20 **تکافل چارج:** ممبر شپ کے تحت حاصل کردہ فوائد فراہم کرنے کے لیے ہر ماہ کی مقررہ تاریخ کی ماہانہ سالگرہ پر آپریٹر کی جانب سے PIA ویلیو سے کٹوتی کی گئی رقم۔

(21 **التوائی مدت:** ممبر شپ کے شرائط کے مطابق تکافل شدہ کے معذور ہونے کے بعد کی مدت جس کے بعد ممبر شپ کے شرائط کے مطابق ان کے فوائد حاصل ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

(22 **مفت ملاحظہ مدت:** شق B4 سے مشروط، وہ مدت جس کے دوران شریک تکافل ممبر شپ دستاویزات واپس کر سکتا ہے اور زرشمولیت واپس لے سکتا ہے، اگر وہ شرائط وضوابط کے ساتھ مکمل طور پر مطمئن نہیں ہے (انشورنس رولز 2017 کے رول 62 کے مطابق)۔

(23 **فنڈ:** یونٹ لنکڈ فنڈ جو کہ آپریٹر کی جانب سے یونٹائزڈ انویسٹمنٹ لنکڈ اسٹیٹوٹوری بزنس فنڈ تشکیل دینے والے متعدد منفرد فنڈز میں سے ایک ہے، اور اثاثوں اور واجبات کا ایک گڑھ ہونے کی وجہ سے فنڈ میں حصہ لینے والی ممبر شپ کے ہر یونٹ سے منسلک یونٹس کی مناسب تعداد کے ساتھ مساوی ویلیو والے یونٹس میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ فنڈ کی قدر باقاعدگی سے کی جاتی ہے اور ہر ویلیوایشن اور قیمتوں کا تعین کرنے پر یونٹ کی قیمت تک پہنچنے کے لیے جاری کردہ یونٹس کی کل تعداد کے حساب سے تقسیم کیا جاتا ہے۔ یہ ہر ممبر کو ممبر شپ سے منسوب یونٹس کی تعداد کے تناسب سے فنڈ کی سرمایہ کاری کارکردگی میں حصہ لینے کا اہل بناتا ہے۔ یہ یونٹ صرف پیمائش کے یونٹس ہیں، اور ممبر شپ کے تحت بینیفشریز کو فنڈ کے اثاثوں سے کوئی بینیفشل انٹرسٹ حاصل نہیں ہوگا۔ فنڈ اور تناسب کی تشکیل جس میں بنیادی سرمایہ کاری کو برقرار رکھا گیا ہے جو کہ آپریٹر کے ذریعے وقتاً فوقتاً مختلف ہو سکتے ہیں اور نئے فنڈز بھی متعارف کروائے جا سکتے ہیں۔

(24) **FUND PRACTICES.** Operational practices of the Fund.

(25) **HAZARDOUS or PROFESSIONAL SPORTS / ACTIVITIES.** Including but not limited to participation in the following sports on an income-earning basis or participating in the following sports more than once a month: Aviation sports, paragliding, underwater diving necessitating the use of an artificial breathing apparatus, hang-gliding, hunting, spear-fishing, rock-climbing or mountaineering necessitating the use of ropes and guides, motor boat racing, motor racing, motor-cycle racing, sky diving/parachuting, target shooting, parasailing, go-carting, drag-racing, rally driving, bungee jumping, winter sports involving snow or ice, or racing other than on foot.

(26) **INCEPTION DATE.** The date, as set out in Your Membership Schedule, from which the nominated Person is covered in terms of this Membership.

(27) **INITIAL CONTRIBUTION.** The Contribution at the beginning of the first Membership Year as stated in the Membership Schedule.

(28) **INVESTMENT:** Contributions paid shall be invested in a low or conservative risk fund. However, the participant may choose to invest in a moderate to high risk fund that suits his/her investment strategy and risk appetite. The returns earned after deduction of risk charges, monthly admin and investment management charges are credited to the Participant Investment Account (PIA) balance and accumulate as the participant's cash value.

(29) **ISSUE DATE.** The date specified in the Membership Schedule on which the Membership is issued and will take effect.

(30) **MEMBERSHIP ANNIVERSARY.** An anniversary of the Inception Date.

(31) **MEMBERSHIP MONTH.** A month commencing on the Inception Date and thereafter commencing on the corresponding date, or if there is no corresponding date, the last date of each succeeding month.

(32) **MEMBERSHIP SCHEDULE.** A document that is part of the Participant Membership Documents (PMD), which shows the level of cover You have taken and the Contribution(s) required to maintain that cover. This Schedule also contains the details of the Participant, Plan, Basic and Supplementary Benefits opted with details of any Nominee and Guardian. You must read the Membership Schedule in conjunction with the Membership Provisions to ensure that you understand the full terms and conditions of Your Coverage. The Membership Schedule, also known as the Participant Specific Schedule (PSS), is unique and specific to You.

(33) **MEMBERSHIP YEAR.** A year commencing on the Inception Date or a subsequent anniversary.

(34) **MONTHLY ANNIVERSARY/MONTHLY DUE DATE.** The same day as the Inception Date for each succeeding month, except that, for those months not having such a day, it is the last day of that month.

(35) **MONTHLY DEDUCTIONS.** The amounts deducted by the Operator from the PIA value on the Monthly Anniversary in each calendar month.

(36) **NET CONTRIBUTION.** The Basic Contribution paid less any charges. The Net Contribution will be used to purchase PIA units in the Membership.

(37) **NET INCOME.** In respect of a Fund means the profit, surplus, coupon income, rent or other income received from the underlying assets of a Fund reduced by an amount equal to the tax that would have been levied on the Operator had this been the sole Fund of the Operator and had there been no expenses.

(38) **OFFER PRICE.** The price, on a given day, at which units are sold by the Fund to a Participant.

(39) **PARTICIPANT INVESTMENT ACCOUNT (PIA).** Also referred to as Unit Account. The account where part of the participant's contribution shall be credited into this account for purchase of Units for the sole purpose of the investment, created by the Operator for each Membership in accordance with Clause "C".

(40) **PARTICIPANT MEMBERSHIP DOCUMENTS (PMD).** Evidence of a contract between a Participant and an Operator. It means the entire document comprising the terms and conditions and stipulating the rights and obligations of the Membership and its schedules together with the general conditions, the proposal form, personal statement(s), any declaration(s) made by the Participant, all supplementary benefit contracts, official illustration of benefits, and endorsements incorporated or endorsed

(24 **فنڈ پریکٹسز:** فنڈ کی آپریشنل پریکٹسز۔

(25 **خطرناک یا پیشہ وارانہ اسپورٹس/سرگرمیاں:** بشمول درج ذیل کھیلوں میں حصہ لینے یا مہینے میں ایک سے زیادہ درج ذیل کھیلوں میں حصہ لینا: ایوی ایشن اسپورٹس، پیرا گلائیڈنگ، زیر پانی تیرنا جس میں مصنوعی سانس لینے کے آلات کا استعمال ضروری ہے، ہینگ گلائنڈ نگ، شکار، ماہی گیری، راک کلائمبنگ یا کوہ پیمائی جس میں رسی اور رہنمائی کی ضرورت ہو، موٹر بوٹ ریسنگ، موٹر ریسنگ، موٹر سائیکل ریسنگ، اسکائی ڈائیونگ/ پیرا شوٹنگ، ٹارگٹ شوٹنگ، پیرا سیلنگ، گوکارٹنگ، ڈریگ ریسنگ، ریلی ڈرائیونگ، بنجی جمپنگ، موسم سرما کے کھیل بشمول برف، یا پیدل چلنے کے علاوہ کوئی ریسنگ۔

(26 **تاریخ آغاز:** آپ کے ممبر شپ شیڈول میں بیان کی گئی تاریخ، جہاں نامزد شخص اس ممبر شپ کی شرائط کے تحت تکافل میں شامل کیا جاتا ہے۔

(27 **ابتدائی زرشمولیت:** ممبر شپ شیڈول میں بیان کردہ پہلے ممبر شپ سال کے آغاز میں زرشمولیت کی رقم۔

(28 **انویسٹمنٹ:** اداشدہ زرشمولیت کم یا کنزرویٹو رسک فنڈ میں انویسٹ کیا جائے گا۔ تاہم، شریک تکافل درمیانے سے زائد رسک فنڈ میں انویسٹ کرنے کا انتخاب کرسکتا ہے جو اس کے/ اس کی حکمت عملی اور لاحق رسک کے مطابق ہو۔ منافع رسک چارجز کی کٹوتی کے بعد حاصل کیا جائے گا، ماہانہ ایڈمن اور انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارجز شریک تکافل انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA) بیلنس میں جمع کیا جائے گا اور شریک تکافل کی کیش ویلو کے طور پر جمع کیا جائے گا۔

(29 **اجراء کی تاریخ:** ممبر شپ شیڈول میں طے شدہ تاریخ جس پر ممبر شپ جاری کی جائے گی اور نافذ ہوگی۔

(30 **ممبر شپ کی سالگرہ:** تاریخ آغاز کی سالگرہ۔

(31 **ممبر شپ کا مہینہ:** تاریخ آغاز پر شروع ہونے والا مہینہ اور اس کے بعد اسی تاریخ کو جاری رکھنا یا اگر اس سے مماثل کوئی تاریخ نہیں ہے تو ہر آنے والے مہینے کی آخری تاریخ۔

(32 **ممبر شپ شیڈول:** دستاویز جو پارٹیسپنٹ ممبر شپ ڈاکیومنٹ (PMD) کا حصہ ہے، جو آپ کے لیے جانے والے تکافل کی سطح اور اس تکافل کو برقرار رکھنے کے لیے زرشمولیت (نقد) کو ظاہر کرتا ہے۔ اس شیڈول میں شریک تکافل، پلان، بنیادی اور ضمنی فوائد کی تفصیلات کے ساتھ انتخاب کردہ کسی بھی نامزد اور سرپرست کی تفصیلات بھی شامل ہیں۔ آپ کا ممبر شب دفعات کے ساتھ ممبر شپ شیڈول کو بغور پڑھنا لازمی ہے تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکتے کہ آپ نے اپنے تکافل کی مکمل شرائط وضوابط کو سمجھ لیا ہے۔ ممبر شپ شیڈول، جسے شریک تکافل کا مخصوص شیڈول (PSS) بھی کہا جاتا ہے، آپ کے لیے منفرد اور مخصوص ہے۔

(33 **ممبر شپ کا سال:** سال جو آغاز کی تاریخ پر شروع ہوا ہو یا اس کے بعد کی سالگرہ۔

(34 **ماہانہ سالگرہ/ ماہانہ مقررہ تاریخ:** پورا ہونے والے ہر مہینہ کی آغاز کی تاریخ کا دن، سوائے ان مہینوں کے جس میں ایسا دن نا ہو، اس مہینے کے لیے آخری تاریخ مقرر کی جائے گی۔

(35 **ماہانہ کٹوتی:** وہ رقم آپریٹر کی جانب سے PIA ویلیو سے ہر کلینڈر کے مہینے میں ماہانہ سالگرہ پر کاٹی جاتی ہے۔

(36 **صافی زرشمولیت:** بنیادی زرشمولیت سے کوئی چارجز منہا کرنے کے بعد صافی زرشمولیت ممبر شپ میں PIA یونٹس کی خریداری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

(37 **صافی انکم:** فنڈ سے صافی انکم کا مطلب ہے منافع، سرپلس، کوپن انکم، رینٹ یا کسی ماتحت اثاثوں سے حاصل ہونے والی آمدنی جس سے ٹیکس کے برابر رقم کی کٹوتی کی جاتی ہے یہ تصور کرتے ہوئے کہ جیسا کے یہ آپریٹر کا مکمل فنڈ ہے اور اس میں کوئی اخراجات نہیں ہوتے۔

(38 **آفر یا فروخت کی قیمت:** مقررہ دن پر فراہم کردہ قیمت، جس پر یونٹس فنڈ کے ذریعے شریک تکافل کو فروخت کئے جاتے ہیں۔

(39 **پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA):** جسے یونٹ اکاؤنٹ بھی کہا جاتا ہے۔ اکاؤنٹ جہاں شریک تکافل کی زرشمولیت کا حصہ سرمایہ کاری کے مقصد کے لیے یونٹس کی خریداری کے لیے اکاؤنٹ میں جمع کیا جائے گا، جسے شق "C" کے مطابق آپریٹر کے ذریعے ہر ممبر شپ کے لیے تشکیل دیا جائے گا۔

(40 **پارٹیسپنٹ ممبر شپ ڈاکیومنٹس (PMD):** شریک تکافل اور آپریٹر کے مابین معاہدے کا ثبوت۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پوری دستاویز شرائط وضوابط اور ممبر شپ کے حقوق اور فرائض کی وضاحت پر مشتمل ہے اور اس کے شیڈولز بشمول عمومی شرائط، پرپوزل فارم، ذاتی بیان (بیانات)، شریک تکافل کی طرف سے کیا جانے والا کوئی اقرارنامہ (نامے)، تمام ضمنی فوائد کے معاہدے، فوائد کی آفیشل وضاحت، اور اس میں شامل توثیق یا آپریٹر کے ذریعے وقتاً فوقتاً کی جانے والی تحریری ترامیم اور اس کی توثیق۔ اس میں

thereon and all written amendments made by the Operator from time to time. It includes the "Waqf Deed".

(41) **SUPPLEMENTARY BENEFIT.** A contract attached to the Basic Membership and providing additional benefits in consideration for additional Contribution. Also known as a Supplementary Benefits have their own terms and conditions which are attached to and form part of the Membership if contracted.

(42) **SURVIVAL PERIOD.** The period of time that is to elapse from the diagnosis, in accordance with the conditions of the Membership, of the Person Covered after which, if he is still alive, he will receive benefits.

(43) **UNIT.** A notional share in the net value of the assets of the Fund as determined by the Operator in accordance with Clause "C". There may be more than one series of units, and in each Fund, units of the same series are of equal value. If the Actuary considers it desirable, units may be merged or split into greater or smaller denomination but without reducing the value of the overall benefits under the Membership.

(44) **UNIT-LINKED ANNUITY.** An annuity where the amount of each payment in the series of payments is dependent on the performance of the underlying unit linked funds, which can fall as well as rise and there are no guarantees to the performance levels.

(45) **VALUATION DATE.** A date on which a Fund is valued in accordance with Fund Practices.

(46) **WAITING PERIOD.** The period, if any, from the Inception Date of a Membership during which no claim will be considered as a valid claim.

(47) **WAKALA FEE.** The charges that the Participant pays to the Operator for services rendered; Underwriting, Acquisition, Administration, Management, commission and distribution charges. This is further defined in Clause B23.

(48) **WAQF DEED.** Means the deed of Waqf settlement establishing the irrevocable Waqf fund called Adamjee Life Assurance Company Limited - Window Takaful Operations Waqf Fund.

(49) **WAR.** War or war like operations (whether war be declared or not) or invasion, act of foreign enemy, hostilities, mutiny, riot, civil commotion, civil war, rebellion, revolution, insurrection, conspiracy, military or usurped power and martial law or state of siege or any of the events or causes which determine the proclamation or maintenance of state of siege.

(50) **WINDOW TAKAFUL OPERATOR.** Also referred to as the Operator. Adamjee Life Assurance Company Limited - Window Takaful Operations, its successors or assignee.

(B) GENERAL PROVISION

B1. Basis of Membership

This Membership Provision's wording as amended from time to time, various administrative forms, application forms, Membership Schedule, declarations, authorisations, any voice-logged conversations pertaining to this Membership and agreements supplied by the Operator shall form the basis of this Family Takaful Membership.

B2. Statutory Fund

For the purposes of section 16 of the Insurance Ordinance 2000, this Plan and any supplementary benefits attached to it shall be referable to the Statutory Fund, Individual Family Takaful - Unit Linked Business, of the Operator.

B3. Scope of Cover

Other than residence in or trips to the countries where there is war or war-like activities, where cover is not provided under this Membership, this Membership is not subject to any limitation as to residence, occupation in any place or country or travel or place of death, disability or illness of a Person Covered.

B4. Free Look Period

Where no claim has been instituted in terms of this Membership or where no right has accrued to You to institute a claim or receive any benefit in terms of the Membership, You may, within 14 (fourteen) days after the Membership documentation has been sent by the Operator,

''وقف ڈیڈ'' بھی شامل ہے۔

41) **ضمنی معاہدہ:** بنیادی ممبرشپ کے ساتھ منسلک ایک معاہدہ جو کہ اضافی زرشمولیت کی ادائیگی کی صورت میں اضافی فوائد فراہم کرنا۔ جسے ''رائیڈر'' بھی کہا جاتا ہے۔ ضمنی معاہدے کے اپنے شرائط وضوابط ہوتے ہیں جو کہ معاہدہ ہو جانے پر ممبرشپ کا حصہ بنتے ہیں اور منسلک ہوتے ہیں۔

42) **زندہ رہنے کی مدت:** ممبرشپ کی شرائط کے مطابق، بیماری کی تشخیص کے بعد وہ مدت، جس کے بعد تکافل شدہ، اگر زندہ رہتا ہے تو اسے فوائد حاصل ہوتے رہیں گے۔

43) **یونٹ:** فنڈ کے اثاثوں کی صافی قدر میں نوشنل حصہ جو کہ آپریٹر کی جانب سے شق "C" کے تحت مقرر کیا جاتا ہے۔ یہاں یونٹس کی ایک سے زائد سریز ہو سکتی ہیں اور ہر فنڈ میں ایک جیسی سریز کے یونٹس کی ویلیو برابر ہوتی ہے۔ اگر ایکچوری اس کو ضروری سمجھتا ہے تو، یونٹ چھوٹے یا بڑے آپس میں ضم یا تقسیم ہو سکتے ہیں بغیر ممبرشپ کے تحت مجموعی فوائد کی قدر کو کم کئے بغیر۔

44) **یونٹ لنکڈ اینیوٹی:** اینیوٹی جہاں ادائیگی کی سریز میں ہر ادائیگی کی رقم کا انحصار بنیادی یونٹ لنکڈ فنڈز کی کارکردگی پر ہوتا ہے، جس میں بڑھوتری کے ساتھ ساتھ گراوٹ بھی ہو سکتی ہے اور اس میں کارگردگی کی سطح کی کوئی ضمانت نہیں ہے۔

45) **ویلیوایشن کی تاریخ:** وہ تاریخ جس پر فنڈ پریکٹسز کے مطابق فنڈ کی قدر کا یقین ہوتا ہے۔

46) **انتظار کی مدت:** مدت، اگر کوئی ہے تو، ممبرشپ کی آغاز کی تاریخ سے جس کے دوران کسی بھی قسم کے کلیم کو قابل غور تصور نہیں کیا جائے گا۔

47) **وکالہ فیس:** چارجز جو شریک تکافل آپریٹر کو سروسز فراہم کرنے کے لیے ادا کرتا ہے؛ زیر جائزہ، حصول، ایڈمنسٹریشن، مینجمنٹ، کمیشن اور چارجز کی تقسیم۔ اس کی مزید وضاحت شق B23 میں کی گئی ہے۔

48) **وقف ڈیڈ:** یعنی کہ وقف تصفیے کا عمل ناقابل تنسیخ وقف فنڈ قائم کرتا ہے جسے آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز وقف فنڈ کہا جاتا ہے۔

49) **جنگ:** جنگی آپریشن (خواہ جنگ کا اعلان ہوا ہو یا نہیں) یا حملہ، غیر ملکی دشمن کی کارروائی، لڑائی، کسی بھی طرح کی بغاوت، ہنگامہ آرائی، سول ہنگامہ آرائی، خانہ جنگی، بغاوت، انقلاب، قائم حکومت کے خلاف کھلی بغاوت، سازش، فوج یا غاصب طاقت اور مارشل لاء یا محاصرے کی حالت یا کوئی بھی واقعہ یا وجوہات جو محاصرے کی صورت حال کا اعلان یا محاصرے کی حالت کو برقرار رکھتا ہے۔

50) **ونڈو تکافل آپریٹر:** جسے آپریٹر بھی تصور کیا جاتا ہے۔ آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز، اس کے قائم مقام یا معاون ہیں۔

(B) عمومی شق

(B1 رکنیت کی بنیاد

اس رکنیت کی شقوں کے الفاظ، جیسا کہ ان میں وقتاً فوقتاً ترمیم ہوتی رہتی ہے، کو مختلف انتظامی فارمز، درخواست فارمز، رکنیت کے شیڈول، ڈیکلریشنز، توثیق نامے، آپریٹر کی جانب سے فراہم کردہ معاہدوں اور اس رکنیت سے متعلق کسی بھی زبانی بات چیت کو اس فیملی تکافل ممبرشپ کی بنیاد پر تشکیل دیا جاتا ہے۔

(B2 قانونی فنڈ

انشورنس آرڈیننس 2000 کی دفعہ 16 کے مطابق اس پلان اور اس سے منسلکہ کسی بھی سپلیمینٹری بینیفٹس کا تعلق اسٹیٹوٹری فنڈ، انفرادی فیملی تکافل۔ آپریٹر کا یونٹ لنکڈ بزنس سے ہوگا۔

(B3 تکافل کا اسکوپ

ماسوائے رہائش یا دوروں کے ان ممالک کے لیے جہاں جنگ یا جنگی صورتحال درپیش ہو اور جہاں اس رکنیت کے تحت تکافل حاصل نہ ہو، یہ رکنیت شریک تکافل کے لیے کسی بھی نوعیت کی حدود جیسا کہ کسی بھی مقام یا ملک میں رہائش، پیشے یا سفر یا کسی مقام پر انتقال، معذوری یا بیماری سے مشروط نہیں۔

(B4 مفت ملاحظہ مدت

اگر اس رکنیت کے تحت کوئی کلیم دائر نہ کیا گیا ہو یا جہاں اس رکنیت کی شرائط کے تحت آپ کو کوئی کلیم داخل کرنے یا فوائد حاصل کرنے کا حق نہ دیا گیا ہو تو ایسی صورت میں آپ اس رکنیت کی دستاویزات آپریٹر کی جانب سے ارسال کرنے کے بعد 14 (چودہ) ایام کے اندر آپریٹر کو منسوخی کی اطلاع دے کر یا آپریٹر کو ممبرشپ منسوخ کرنے کی تحریری اطلاع دے کر اس

cancel the Membership by informing the Operator of the cancellation or notifying the Operator in writing of the cancellation of the Membership. All Contributions paid shall be refunded by the Operator as per Rule 62 of Insurance Rules, 2017. The Operator may deduct the amount paid into the Participant Takaful Fund (PTF) as the Takaful Contribution and the cost of any medical examination incurred by the Operator in connection with underwriting of the Membership.

رکنیت کومنسوخ کر سکتے ہیں۔آپریٹر کی جانب سے انشورنس رولز 2017 کے ضابطے 62 کے مطابق ادا کردہ تمام زرشمولیت آپ کو واپس کردی جائے گی۔آپریٹر پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) میں ادا کردہ رقم کو بطور تکافل زرشمولیت اور رکنیت کی انڈررائٹنگ کے سلسلے میں آپریٹر کی جانب سے صرف کی جانے والی کسی بھی طبی جانچ کے اخراجات کومنہا کرسکتا ہے۔

B5. No Contribution No Cover

B5) جب تک کوئی زرشمولیت نہیں تب تک کوئی تکافل کا تحفظ نہیں

This Membership shall not be effective until the first Contribution due, as shown in the Membership Schedule, has been received in full and after the application has been approved and the PMD issued by the Operator.

یہ ممبرشپ کوئی بھی واجب الادا پہلی زرشمولیت، جیسا کہ ممبرشپ کے شیڈول میں واضح ہے، کی مکمل وصولی تک اور آپریٹر کی جانب سے درخواست کی منظوری اور پی ایم ڈی کے اجرا تک موثر نہ ہوگی۔

B6. If Contribution Payment is not Maintained

B6) اگر زرشمولیت برقرار نہیں رکھی گئی ہے

a **First Two Years:** If, during the first two years from Membership issuance, any renewal Contribution due under the Membership is not paid by the due date or within the grace period allowed, the Membership will lapse with no risk coverage. Only the available PIA value will be payable to You.

a) **پہلے دو برس:** اگر رکنیت کے اجراء کے پہلے دو برس کے دوران ممبرشپ کے تحت واجب الادا کوئی بھی تجدیدی زرشمولیت آخری تاریخ یا دی گئی رعایتی مدت کے اندر ادا نہیں کی گئی تو رکنیت بغیر کسی تکافل رسک کے ختم کردی جائے گی۔صرف دستیاب پی آئی اے رقم آپ کو قابل ادائی ہوگا۔

b **After First Two Years:** After the Membership has been in force for two years from membership issuance, if a Contribution is not paid on the due date or within the grace period allowed, the Operator shall proceed as stated in the Benefits Endorsement attached to the PMD.

b) **پہلے دو برس کے بعد:** رکنیت کے اجراء سے ممبرشپ کو لاگو ہونے کے دو برس کے بعد اگر کوئی زرشمولیت مقررہ تاریخ یا دی گئی رعایتی مدت کے اندر ادا نہ کی گئی تو آپریٹر اس طریقے پر عمل کرے گا جیسا کہ پی ایم ڈی سے منسلک بینی فٹس اینڈورسمنٹ میں واضح کیا گیا ہے۔

B7. Grace Period

B7) رعایتی مدت

If the Cash Surrender Value on any Monthly Due Date is insufficient to cover the next Monthly Deduction, a grace period of thirty one days shall be allowed for the payment of the Contribution as determined by the Operator to cover the shortfall and shall be subject to a minimum amount acceptable by the Operator.

اگر کسی بھی ماہانہ مقررہ تاریخ پر نقد دست برداری کی ویلیو آئندہ ماہانہ کٹوتی کو پورا کرنے کے لیے موزوں ہوئی تو زرشمولیت کی ادائیگی کے لیے اکتیس دن کی رعایتی مدت دے دی جائے گی جیسا کہ آپریٹر کی جانب سے کمی بیشی کو پورا کرنے کے لیے تعین کیا گیا ہو اور یہ آپریٹر کی جانب سے کم از کم قابل قبول رقم سے مشروط ہوگی۔

If sufficient Contribution is not paid by the end of the grace period, all coverage under the Membership will terminate and the Membership will terminate without value.

اگر رعایتی مدت کے اختتام تک مناسب زرشمولیت کی ادائیگی نہیں کی گئی تو ممبرشپ کے تحت تمام تکافل تحفظ منسوخ کردیا جائے گا اور رکنیت کی بھی کسی ویلیو کے بغیر تنسیخ کردی جائے گی۔

If the Covered Person dies within the grace period, the Death Benefit shall be payable subject to the deduction of amount of the overdue Monthly charges from the Death Benefit.

تکافل شدہ فرد اگر رعایتی مدت کے اندر انتقال کرجاتا ہے تو ایسی صورت میں فوتگی کے فوائد قابل ادائی ہوں گے جو ڈیتھ بینی فٹ سے واجب الادا ماہانہ چارجز کی کٹوتی سے مشروط ہیں۔

B8. Escalation of Contribution

B8) زرشمولیت میں اضافہ

On each Membership Anniversary, while the Person Covered is then alive, the Contribution under the Basic Membership may be escalated subject to the provisions contained herein.

ممبرشپ کی سالگرہ کے دن سے اگر تکافل شدہ فرد حیات ہو تو بنیادی رکنیت کے تحت زرشمولیت اس میں شامل شقوں کے مطابق بڑھ سکتی ہے۔

The escalation rate shall be determined by the Operator. The Operator shall notify the Participant on a yearly basis of the escalation rate and the escalated Contribution.

اضافے کی شرح کا تعین آپریٹر کی جانب سے کیا جائے گا۔آپریٹر شریک تکافل کو سالانہ بنیاد پر اضافی شرح اور اضافہ شدہ زرشمولیت سے مطلع کرتا رہے گا۔

The Participant will have the option to accept the escalation and pay the applicable Contribution or to decline escalation. If the Participant declines the escalation offer at any time, the Operator may discontinue providing this option.

شریک تکافل کو اضافی زرشمولیت قبول کرنے کا اختیار ہوگا اور نافذ العمل زرشمولیت یا اضافی شمولیت میں کمی کے لیے ادائیگی کرنا ہوگی۔اگر شریک تکافل کسی بھی وقت اضافی زرشمولیت کی پیشکش میں کمی کرتا ہے تو آپریٹر اس فراہم کردہ آپشن کا سلسلہ روک سکتا ہے۔

The Operator reserves the right to stop applying this clause at its discretion.

آپریٹر اپنی صوابدید پر اس شق کو لاگو کرنے سے روکنے کا اختیار محفوظ رکھتا ہے۔

B9. Reinstatement

B9) بحالی

